سوال

کیا پنٹ پہنا حرام ہے ؟

جواب

کیا پنٹ پہننا حرام ہے۔ ؟السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا پنٹ پہننا حرام ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! لباس کے حوالے سے ارشاد باری تعالی ہے۔ يٰبَنِىٓ ءَادَمَ قَدْ أَنزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا يُوَٰرِى سَوْءَٰتِكُمْ وَرِيشًا. (سورہ اعراف آیت نمبر 26) (اے اولادِ آدم! ہم نے تمہارے لیے لباس پیدا کیا جو تمہارے ستر کو چھپاتا ہے اور موجب زینت بھی ہے) دوسری جگہ فرمایا: يٰبَنِىٓ ءَادَمَ خُذُوا۟ زِينَتَكُمْ عِندَ كُلِّ مَسْجِدٍ (اے آدم کی اولاد! لے لو اپنی آرائش ہر نماز کے وقت) لہذا لباس کے حوالے سے چند اصول یاد رکھیں کہ: (1) لباس اتنا باریک نہ ہو کہ اس سے جسم نظر آتا ہو۔ (2) لباس اتنا تنگ نہ ہو کہ جسم کے اعضاء کا حجم دکھتا ہو۔ (3) لباس اتنا چھوٹا نہ ہو کہ ستر پوشی کا مقصد ہی پورا نہ کرتا ہو۔ (4) لباس ایسا ہو کہ غیر مسلموں سے مشابہت نہ ہوتی ہو۔ (5) لباس ایسا نہ ہو کہ اس سے تکبر کی گھن آتی ہو۔ مذکورہ بالا اصولوں کے روشنی میں اگر دیکھا جائے تو پنٹ اس پر پورا نہیں اترتی، کیونکہ اس میں انسان کے اعضاء نمایاں طور پر نظر آ رہے ہوتے ہیں۔ لہذا اسے پہننا جائز نہیں ہے۔ مزید تفصیل کے لئے درج ذیل لنک پر کلک کریں۔

http://forum.mohaddis.com/threads/%D9%85%D9%88%D9%85%D9%86-%DA%A9%D8%A7-%D9%84%D8%A8%D8%A7%D8%B3.3514/ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی